225

آیات نمبر 20 تا 26: قرآن کی آیات سے دانشمند لوگ ہی نصیحت حاصل کرتے ہیں۔ جو
لوگ ایمان لائے، اللہ کی اطاعت کرتے رہے، اپنے رب سے ڈرتے رہے، نماز قائم کرتے
رہے اور اللہ کی راہ میں خرچ کرتے رہے وہ جنت میں داخل ہوں گے۔ جو لوگ اللہ سے کیا
ہوا عہد توڑ ڈالتے ہیں اور زمین میں فساد برپا کرتے ہیں ان کا برا انجام ہو گا۔ اللہ جس کو چاہتا
ہے فراخی رزق عطا کر دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے ناپ تول کر رزق دیتا ہے۔ اس دنیا کی
زندگی آخرت کے مقابلہ میں انتہائی حقیر چیز ہے

الَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَ لَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ ﴿٢٠﴾ یہ دانشمند وہ لوگ ہیں
جو اللہ کے ساتھ کیا ہوا اپنا عہد پورا کرتے ہیں اور عہد شکنی نہیں کرتے وَ الَّذِيْنَ
يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَ يَخَافُوْنَ سُوْٓءَ
الْحِسَابِ ﴿٢١﴾ اور یہ وہ لوگ ہیں کہ اللہ نے جن رشتوں کو جوڑنے کا حکم دیا ہے
انہیں جوڑے رکھتے ہیں اور اپنے رب سے ڈرتے رہتے ہیں اور قیامت کے دن سخت
حساب لئے جانے سے خوفزدہ رہتے ہیں وَ الَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ
رَبِّهِمْ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّ عَلَانِيَةً وَّ
يَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿٢٢﴾ اور یہ لوگ
اپنے پروردگار کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے مصائب پر صبر کرتے ہیں اور نماز
کی پابندی کرتے ہیں اور جو مال ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور اعلانیہ
خرچ کرتے ہیں اور برائی کا جواب بھلائی سے دیتے ہیں، یہی وہ لوگ ہیں جن کے لئے
آخرت میں بہترین گھر ہو گا جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَ مَنْ صَلَحَ مِنْ

اٰبَآىِٕهِمْ وَ اَزْوَاجِهِمْ وَ ذُرِّيّٰتِهِمْ وَ الْمَلٰٓىِٕكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ
بَابٍ﴿۲۳﴾ یعنی وہ دائمی باغات جن میں وہ خود بھی داخل ہوں گے اور ان کے ماں باپ
، ان کی بیویوں اور اولاد میں سے جو صالح ہوں گے وہ بھی ان باغات میں داخل ہوں
گے اور جنت کے ہر دروازے سے فرشتے ان کے پاس آئیں گے سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ
بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ﴿۲۴﴾ اور کہیں گے کہ تم پر سلامتی ہو، تم نے
دنیا میں جس طرح صبر سے کام لیا اس کی بدولت آج تم اس کے مستحق ہوگئے ہو، سو
کیا خوب ہے یہ آخرت کا گھر وَ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ
مِيْثَاقِهٖ وَ يَقْطَعُوْنَ مَاۤ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖۤ اَنْ يُّوْصَلَ وَ يُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۙ
اُولٰٓىِٕكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَ لَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ﴿۲۵﴾ اور اس کے برعکس وہ لوگ جو
اللہ سے پختہ عہد کرنے کے بعد عہد شکنی کرتے ہیں اور اللہ نے جن تعلقات کو
جوڑنے کا حکم دیا ہے وہ انہیں توڑ ڈالتے ہیں اور زمین میں فساد پھیلاتے ہیں یہی وہ
لوگ ہیں جو لعنت کے مستحق ہیں اور ان کے لیے آخرت میں بہت ہی برا ٹھکانا ہے
اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ يَقْدِرُ ؕ اللہ جس کو چاہتا ہے رزق کی فراخی
بخش دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے نپا تلا رزق دیتا ہے وَ فَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَ
مَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ﴿۲۶﴾ رکوع [۳] یہ کافر لوگ دنیا کی زندگی
ہی میں مگن ہیں حالانکہ دنیا کی زندگی تو آخرت کے مقابلے میں کچھ بھی نہیں، محض
ایک حقیر سا فائدہ ہے

[# 225]

Verses 20 to 26 : only wise people accept advice from the Quran's verses. Those who believe, and obey Allah, remain conscious of their Lord, establish prayer, and spend in Allah's cause, will surely enter Paradise. But those who break their covenant with Allah after pledging to keep it, and spread corruption on earth, for them is a terrible fate. Allah provides abundantly to whoever He wills. This worldly life is nothing, but a fleeting pleasure compared to the Hereafter.

الَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ ۝۲۰

[Only the people of understanding respond to the advice]. These are the ones, who fulfill their covenant with Allah, and do not break their solemn pledge.

وَ الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَ يَخْشَوْنَ
رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ﴿۲۱﴾

And they are the ones, who maintain [the ties of kinship and obligations thereon], that Allah has commanded to be upheld, and they fear their Lord, and they fear a strict reckoning [on the Day of Judgment.]

الَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ
اَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّ عَلَانِيَةً وَّ يَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ
السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۲۲﴾

And these are the ones, who endure patiently [in adversity], seeking their Lords pleasure. They duly establish the prayers, and spend [charitably] from what We have provided them, secretly and openly, and repel evil with good. For them, is the ultimate abode [of bliss in the Hereafter.]

جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَ مَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَ
اَزْوَاجِهِمْ وَ ذُرِّيّٰتِهِمْ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ
بَابٍ ﴿۲۳﴾

Gardens of eternity, wherein they will enter [together] with all those who are righteous- among their parents, spouses, and their children. And angels will enter upon them from every gate of Paradise [saying].

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۲۴﴾

[the angels will say] Peace be upon you for the patience you observed. How excellent is the ultimate abode [of bliss]!

وَ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَ يَقْطَعُوْنَ
مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَ يُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۙ اُولٰٓئِكَ
لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿٢٥﴾

And [on the contrary], those who break the covenant of God, after it has been solemnly pledged [before Him], and break whatever [ties] Allah has ordered to be maintained, and spread corruption on earth, for these, there is [only] the curse [of God]. Moreover, for them there is the most evil abode [of Hellfire awaiting].

اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ يَقْدِرُ ؕ

It is Allah [alone] who extends [abundant] provision for whomever He wills, and He [alone] restricts it (for whomever He wills).

وَ فَرِحُوْا بِالْحَیٰوةِ الدُّنْیَاؕ وَ مَا الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا فِی
الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ۠﴿۲۶﴾ رکوع[۳]

And those [who disbelieve], are happy with the life of this world, even though the life of this world is insignificant compared to the Hereafter, merely a fleeting pleasure.